صاحب مشکوٰۃ نے احادیث کے راویوں کے جو مختصر حالات درج کیے ہیں یہ ان کا اردو ترجمہ ہے۔ اس میں صرف صحابہؓ۔ صحابیات، تابعینؒ، تابعیاتؒ کا تذکرہ ہے۔ اسماء الرجال کے بارے میں ابتدائی معلومات حاصل کرنے کے لیے یہ کتاب نہایت مفید اور وقیع ہے۔ اگر ناموں کے ساتھ اعراب کا التزام کر دیا جاتا تو اس کی افادیت میں اور بھی اضافہ ہو جاتا۔ معیار طباعت گوارا ہے۔ کاغذ البتہ ناقص ہے۔

اسلام اور جدید ذہن کے شبہات | تالیف: جناب محمد قطب صاحب ترجمہ: جناب محمد سلیم کیانی صفحات ۲۵۵ قیمت دس روپے۔ ناشر: المحراب سمن آباد۔ لاہور۔

کتاب کے مصنف جدید مصر کے نامور اسلامی ادیب اور مفکر اور سید قطب مرحوم و مغفور کے بڑے بھائی ہیں۔ ان کا انداز بیان سادہ اور موثر ہے اور اسلام کے ساتھ ان کی گہری محبت اور اس کی صداقت پر غیر متزلزل یقین ان کے ایک ایک لفظ سے جھلکتا ہے۔ اسلام اور جدید ذہن کے شبہات کا مخاطب جدید انسان ہے جو جادہ مستقیم سے ہٹ کر تاریکی میں ٹامک ٹوئیاں مار رہا ہے۔ محمد قطب نے اس کتاب کے ذریعہ انہیں ظلمت سے نور میں لانے کی کوشش کی ہے اور اس کے ان شکوک و شبہات کو دور کیا ہے جو اسلامی تعلیم و تربیت اور اسلامی ماحول کے فقدان کی وجہ سے اس کے دل و دماغ میں راہ پا چکے ہیں۔

اس قابل قدر تصنیف کے فاضل مترجم جناب سلیم کیانی صاحب پہلے اس کتاب کو انگریزی میں منتقل کر چکے ہیں۔ اور اب انہوں نے اسے اردو زبان کا نہایت خوبصورت جامہ عطا کیا ہے۔

کتابت اور طباعت کا معیار نہایت اچھا ہے۔

مولانا سید ابو الاعلیٰ مودودی

کے قلم سے

اب سے ۴۴ سال پہلے کی ایک عظیم تحریر

"اسلام کا سرچشمہ قوت"

آفسیٹ کی اعلیٰ طباعت، قیمت سوا دو روپے شائع کردہ ـــــ ایوان ادب، چوک اردو بازار، لاہور، فون نمبر 67166